● **مختصر سالانہ تقابلی تقویم**　　　مصنف: ضیاء الدین لاہوری

ضخامت: 80 صفحات　　　قیمت: درج نہیں　　　دارالکتاب، اردو بازار لاہور

ضیاء الدین لاہوری کے دو پسندیدہ موضوعات ہیں۔ ایک سرسید احمد خان اور دوسرا ''تقویم'' ہے۔ ان دونوں موضوعات پر انھوں نے بہت سا کام کیا ہے۔ حال ہی میں ان کا کتابچہ ''مختصر سالانہ تقابلی تقویم'' (569 عیسوی تا 2100 عیسوی) شائع ہوا ہے۔ زیرِ نظر تقویم میں دائیں جانب کے ہر صفحے پر ہجری سالوں کا آغاز یعنی یکم محرم کے مطابق دن، عیسوی تاریخ، مہینہ اور سال درج کیا گیا ہے۔ جب کہ اس کے مقابل صفحے پر ان کے تقابلی عیسوی سالوں کا آغاز یعنی یکم جنوری کے مطابق اسی انداز میں ہجری سالوں کی تفصیل دی گئی ہے۔ اس سے مکمل طور پر معلوم ہو جاتا ہے کہ آپ تقویم کے تقابلی سال اور سالوں کی کن کن تاریخوں کے درمیان واقع ہوا۔

اب محققین کے لیے متبادل تاریخ تلاش کرنا مشکل نہیں رہا۔ ضیاء الدین لاہوری نے مشکل کام کو آسان اور مختصر کر دیا۔ یہ کتابچہ جہاں محققین کے لیے مفید ہے وہاں عام لوگوں کے بھی کام آ سکتا ہے۔ امید ہے اس مختصر تقویم کو پذیرائی حاصل ہوگی۔ (تبصرہ: جاوید اختر بھٹی)

● **داعیٔ اعظم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اصولِ دعوت و تبلیغ**　　　مصنف: مولانا محمد حفظ الرحمٰن سیوہاروی

ضخامت: 32 صفحات　　　قیمت: درج نہیں　　　ملنے کا پتا: دارالکتاب، اردو بازار لاہور

زیرِ نظر مقالہ ''داعیٔ اعظم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اصولِ دعوت و تبلیغ''، جسے مولانا سیوہاروی نے ڈسٹرکٹ جیل دہلی میں لکھا۔ مولانا نے اس مقالے میں مسلمانانِ ہند کو تبلیغ دین اور نشر و اشاعت کے حقیقی طریقے سے روشناس کرایا ہے۔ 21/ اپریل 1932ء کو مولانا نے ان الفاظ سے اپنی تحریر کو مکمل کیا:

> ''یہ ہے دعوت و طریقِ دعوت کا وہ مختصر نمونہ جو قرآن عزیز کی سچی تعلیم اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ سے ہم کو حاصل ہوتا ہے۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو اس صحیح طریق کار پر عامل ہوتے اور خود ساختہ مذاہب کے غیر فطری اصولِ مباحث سے جدا رہ کر دعوتِ حق کو سرانجام دیتے ہیں۔''

(تبصرہ: جاوید اختر بھٹی)